# محکمہ خوراک پنجاب

## ٹینڈر نوٹس

محکمہ خوراک پنجاب کے ڈی کلاس ٹھیکیداران جنہوں نے برائے سال 2020-21 اپنی رجسٹریشن یا اِس کی تجدید کرائی ہے اور تاحال منسوخ نہیں ہوئی۔ اِن سے ٹینڈر باربرداری گندم مندرجہ ذیل مراکز سے اِن کے سامنے درج مقامات وصولی کیلئے فی ٹن کے حساب سے ٹینڈر مطلوب ہیں۔ ٹھیکہ مدت (45) دن ہوگی۔ تمام ٹھیکہ داران کو اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ اپنی سال 2020-21 کی رجسٹریشن کی کاپی ہمراہ لائیں نیز مقدار گندم میں PPRA رولز کے مطابق کمی بیشی ہوسکتی ہے۔ ٹینڈر فارم لینے کا وہی ٹھیکیدار اہل ہوگا جو پنجاب ریونیو اتھارٹی سے رجسٹرڈ ہوگا۔

**نوٹ:** یہ محکمہ خوراک کا اشتہار حکومت پنجاب کی ویب سائٹ www.ppra-punjab.gov.pk میں ڈیپارٹمنٹ کے لنک محکمہ خوراک کے حصے پر دیکھا جاسکے گا اور یہ اشتہار دفتر کے نوٹس بورڈ پر بھی چسپاں ہوگا۔

| نمبر شمار | ضلع ترسیل | مرکز ترسیل | ضلع وصولی | مرکز وصولی | مقدار ٹن |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | لیہ | فتح پور | راولپنڈی | اسلام آباد-I | 2500.000 |
| 2 | جھنگ | چک کڑیانہ | راولپنڈی | اسلام آباد-I | 6500.000 |
| 3 | ڈیرہ غازی خان | شادن لُنڈ | راولپنڈی | اسلام آباد-II | 1000.000 |
| 4 | بہاولپور | حاصل پور | راولپنڈی | اسلام آباد-II | 2000.000 |
| 5 | لودھراں | دُنیاپور | راولپنڈی | اسلام آباد-II | 2500.000 |
| 6 | وہاڑی | پی،آر، وہاڑی ایٹ گگو | راولپنڈی | اسلام آباد-II | 2800.000 |
| 7 | وہاڑی | اڈا غلام حسین ایٹ میلسی | راولپنڈی | اسلام آباد-II | 2200.000 |
| 8 | راجن پور | راجن پور | راولپنڈی | اسلام آباد-III | 5000.000 |
| 9 | بہاولنگر | احمد پور ایسٹ | راولپنڈی | اسلام آباد-III | 2500.000 |
| 10 | بہاولپور | اسرانی | راولپنڈی | اسلام آباد-III | 3000.000 |
| 11 | لیہ | حیدر شاہ ایٹ جمن شاہ | راولپنڈی | بنز راولپنڈی | 2000.000 |
| 12 | جھنگ | چک کڑیانہ | راولپنڈی | بنز راولپنڈی | 6414.000 |
| 13 | بہاولپور | خانقاہ شریف | راولپنڈی | گجرخان | 3000.000 |
| 14 | جھنگ | چک کڑیانہ | راولپنڈی | گجرخان | 2000.000 |
| 15 | بہاولنگر | ڈھراں والا | راولپنڈی | واہ ٹیکسلہ | 6000.000 |
| 16 | بہاولپور | بی شیل بہاولپور | راولپنڈی | واہ ٹیکسلہ | 3000.000 |
| 17 | جھنگ | چک کڑیانہ | راولپنڈی | سہالہ | 3500.000 |
| 18 | بہاولپور | پی،آر بہاولپور | راولپنڈی | سہالہ | 3000.000 |
| 19 | جھنگ | چک کڑیانہ | چکوال | چکوال | 5000.000 |
| 20 | بہاولنگر | 60/4-R | لاہور | مغل پورہ | 7000.000 |

Scanned with CamScanner

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 4000.000 | مغل پورہ | لاہور | کچی والا | بہاولنگر | 21 |
| 5000.000 | گلبرگ ایٹ مغل پورہ | لاہور | ہارون آباد | بہاولنگر | 22 |
| 2000.000 | رکھ چھبیل | لاہور | ہڑپہ | ساہیوال | 23 |
| 6000.000 | رکھ چھبیل | لاہور | 170/9-L | ساہیوال | 24 |
| 3500.000 | رکھ چھبیل | لاہور | نور پور | بہاولپور | 25 |
| 7000.000 | رکھ چھبیل | لاہور | 9- گنجیانی | بہاولنگر | 26 |
| 4000.000 | رکھ چھبیل | لاہور | چشتیاں | بہاولنگر | 27 |
| 7000.000 | رائے ونڈ | لاہور | فقیر والی | بہاولنگر | 28 |
| 4000.000 | رائے ونڈ | لاہور | کچی والا | بہاولنگر | 29 |

## «شرائط»

1 ٹینڈر فارم بعوض دو صد روپے (نا قابلِ واپسی) دفتر ہذا تاریخ کے اشاعت کے دن سے لیکر مورخہ 06-04-2021 تک کے دفتری اوقات میں دن کے 12:00 بجے تک حاصل کئے جا سکتے ہیں۔اس کے بعد کوئی ٹینڈر جاری نہ کیا جائیگا اور اُسی روز دن کے 2:00 بجے تک سر بمہر حالت میں ٹینڈر بکس میں ڈالے جائیں گے۔مقررہ وقت کے بعد کوئی ٹینڈر بکس میں ڈالنے کی اجازت نہ ہوگی اور وصول شدہ ٹینڈر 2:30 بجے دن ٹینڈر کمیٹی و ٹینڈر دہندہ گان یا اُن کے نمائندگان (جو اُس وقت موقع پر موجود ہونگے) کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

-2 ہر ٹینڈر دہندہ تخمینہ ریٹ کا 3% زرِ پیشگی رقم بصورت کال ڈیپازٹ بحق زیرِ دستخطی ٹینڈر فارم کے ساتھ لف کرنا ہوگی۔جس فرم کا 3 فیصد زر بیعانہ پورا نہیں ہوگا اس کا فارم کینسل تصور ہوگا نیز ٹینڈر دہندہ فرم کے جملہ کوائف، دستاویزات کھاتہ داران اور مختار خاص مہیا کرنا ہوگا۔

-3 پیپرا قوانین کے مطابق پیشکش برائے برداری گندم کی معیاد 30 دن کیلئے ہوگی۔

-4 مندرجہ بالا ہر مرکز ترسیل او وصولی کیلئے علیحدہ علیحدہ ٹینڈر فارم ڈالنا ہوگا۔

-5 ٹینڈر کی منظوری کی صورت میں مطلوبہ سیکورٹی تین یوم کے اندر میں جمع کرانا ہوگی اور معاہدہ کرنا ہوگا۔بصورت دیگر زرِ پیشگی بحق سرکار ضبط کر لی جائیگی۔

-6 گندم کی بار برداری کے نرخ فی ٹن کے حساب سے ہندسوں اور لفظوں میں صاف اور واضح لکھنے ہونگے۔مشکوک، کٹے پھٹے، نامکمل اور بغیر دستخط شدہ ٹینڈر فارم قابلِ قبول نہ ہونگے۔

-7 مقام ترسیل پر گندم کی لدائی اور مقام وصولی پر اُتروائی۔ٹھیکیدار بار برداری کی ذمہ داری ہوگی۔

-8 سٹاک لوڈ کرتے وقت ٹھیکیدار کوالٹی کی تسلی کریگا اور رسید حاصل کریگا۔ہر قسم کے نقصان دورانِ راہ کا ذمہ دار ہوگا۔

-9 بلوں کی ادائیگی مقام وصولی پر پہنچائی جانے والی گندم کی بنیاد پر ہوگی۔تاہم ورک آرڈر میں درج شدہ مقدار سے کم مقدار کی بار برداری کی صورت میں حسبِ ضابطہ جرمانے کی رقم بار برداری بل سے کٹوتی کر لی جائے گی۔

-10 بوقتِ ضرورت محکمہ کو اختیار ہوگا کہ بار برداری کا کام بذریعہ سرکاری ٹرک، این۔ایل۔سی یا ریل سے کرائے گا۔

-11 ٹھیکیدار کی حسب معاہدہ مقررہ مقدار گندم کی بار برداری کی ناکامی کی صورت میں محکمہ کو اختیار ہوگا کہ بار برداری کا کام کسی اور ٹھیکیدار یا ایجنسی سے کروائے۔جس کے تمام اضافی اخراجات اور نقصان کی ذمہ داری منظور شدہ ٹھیکیدار پر ہوگی اور مطلوبہ رقم اس کے بلوں یا سکیورٹی سے وصولی کی جائیگی۔

Scanned with CamScanner

12- ٹینڈر فارم کے ساتھ شناختی کارڈ اور رجسٹریشن کی عکس نقول لف کرنا ہوگی۔

13- ٹینڈر فارم بکس میں ڈالنے کے بعد واپس نہیں لیا جا سکتا۔ تفصیلی شرائط ٹینڈر فارم کے ساتھ حاصل کی جا سکتی ہے۔

14- جملہ دیگر شرائط کی پابندی لازمی ہوگی اور معاہدہ ان شرائط کے تحت ہوگا اور خلاف ورزی کی صورت میں انضباطی کارروائی ہوگی۔

15- جملہ شرائط / قواعد و ضوابط ویٹ آرڈر 2014 کے مطابق ہونگے۔

16- صوبائی ٹیکس / وفاقی ٹیکس اور اس کے علاوہ حکومت کی طرف سے عائد کردہ تمام ٹیکسز آفر کردہ ریٹ میں شامل تصور ہونگے۔

17- تمام ٹھیکیدار اپنی اپنی ریٹرن کی کاپی / PRA کی رجسٹریشن کی کاپی ہمراہ لائیں۔

18- NLC ٹھیکیدار بھی بمطابق شق نمبر 2 بالا کال ڈیپازٹ جمع کرانے کی پابند ہوگی۔

ناظم خوراک پنجاب

لاہور۔

Scanned with CamScanner